
حکیمی نسخوں

سے علاج

ایس یوٗ مُلک



پہلی بار..............2007ء

کمپوزنگ.........عارف مسعود خان

کتابوں کی مکمل فہرست اور گھر بیٹھے کتابیں منگوانے کا طریقہ معلوم کرنے کے لیے اپنا پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ بھیجیں


......کتب ملنے کا پتہ......

☆ نوید بک ڈپو، جیلانی مارکیٹ پکا قلعہ حیدر آباد

فون نمبر: 022-2615919

موبائل نمبر: 0301-3550338

فہرست مضامین


نوید
بک ڈپو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلشِّفَاءُ مِنَ اللّٰہ

﴿شِفاء اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے﴾

مہنگائی کا دور ہے اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے غریب عوام ڈاکٹروں اور حکیموں کی فیسوں کی استطاعت نہیں رکھتے۔ ایسے ہی لوگوں کے لئے یہ کتاب مرتب کی گئی ہے۔ جو کہ سستے اور دیسی علاج پر مشتمل ہے۔ ہر بیماری کے بیسیوں نسخے تحریر کر دیئے گئے ہیں۔ جو ادویات میسر ہوں یا کم قیمت ہوں استعمال میں لائیں۔ اس بات کی کوشش کی گئی ہے۔ کہ یہ کتاب آپ کے لئے معاون و مددگار اور مفید ثابت ہو۔

ایس۔ یو ملک

سر کے امراض

سر درد:

1)۔سر درد اگر قبض کی وجہ ہو تو طبیعت کے موافق جلاب لیں۔اگر درد متواتر ہوتی ہو تو صبح سویرے سورج نکلنے سے قبل سیر کرنا انتہائی مفید ہے۔

2)۔درد سر اگر گرمی سے ہو گلِ سُرخ، کافور، صندل سفید، کشنیز، تخم کاہو، تخم خرفر، تخم کاسنی، تخم خیارین، مغز تخم کدو دراز، مغز تخم تربوز، مغز تخم پیٹھ، بہدانہ شیریں، تخم خشخاش، آلو بخارا، گلِ نیلوفر، گل بنفشہ، پینا اور لگانا اور سونگھنا مفید ہے۔تمام ادویات کو اپنے موقع سے استعمال کریں یعنی جو دوا پینے کی ہو پلائیں اور جو لگانے کی ہو لگائیں اور جو سونگھنے کی ہو سونگھائیں

ان تمام میں سے جو بھی میسر ہو استعمال کریں۔

3)۔ برگ یا پھول خا کے سر میں پیس کر لگائیں۔

4)۔ افیون لگانا اور سونگھنا۔

5)۔ عرق لیموں کاغذی چند قطرے کان میں ٹپکانا۔

6)۔ دار چینی گلاب میں گھس کر ضماد کرنا۔

7)۔ سر درد اگر سردی سے ہو، زنجبیل، مرزنجوش، اسطوخودوس، ریوند، زراوند، بابونہ انیسون، کلونجی، سرکہ یا پانی میں پیس کر نیم گرم لگائیں۔

8)۔ مومیائی روغن، بنفشہ میں گھول کر ناس لیا۔

9)۔ سر درد اگر دھوپ میں چلنے پھرنے سے ہو، آن بجھا چونا روغن زرد میں ملا کر پیشانی پر لگائیں۔

10)۔ پرانی دردِ سر کیلئے آزمودہ نسخہ خشخاش ایک پاؤ

حکیمی نسخوں سے علاج............(10)

چار مغز 5 تولہ دھنیا آدھ پاؤ، مغز بادام آدھ پاؤ، ناریل 5 تولہ سب کو کوٹ کر ملائیں اور گھی میں چرب کرلیں۔ اور حسب ضرورت شکر ملا کر رکھیں۔ ایک تولہ بھر رات کو سوتے وقت کھالیں لیکن اس کے بعد کچھ نہ کھائیں۔

(11)۔ سر درد اگر نزلہ سے ہو تو چھینک سے مواد دُور کریں۔ زنجبیل۔ دارچینی لونگ۔ پوست بیج ارنڈ کے پانی میں پیس کر لگائیں۔

(12)۔ درد سر نزلہ زکام وغیرہ کی بہترین نسوار زعفران کشمیری، کاپھل، کشمیری پتر، گل کنیر سفید، تخم کٹیلی، عاقر قرحا ہموزن لے کر باریک پیس لیں اگر بوقت ضرورت سنگھائیں

دروال

کنپٹی پر ناڑ پھڑکنا

1) ۔ ریٹھ کو پانی میں گھس کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور دو بوند ناک میں ڈالیں۔

2) ۔ آک کا ٹڈا خشک کر کے رکھیں ۔ یہ نسوار بھی بہت عمدہ علاج ہے۔

3) درد شدید ہو تو زردی بیضہ مرغ اور چونا ان بجھا ملا کر جلدی کنپٹی پر لیپ کر دیں۔ فوراً آرام ہو گا۔

4) ۔ نیلا تھوتھا بریاں کر کے محفوظ رکھیں ۔ مریض کا گلا کپڑے سے گھوٹیں کنپٹی پر نبض پھول جائے گی۔ جو تڑپتی ہو گی اس پر ایک رتی دوا رکھ کر ایک قطرہ پانی کا ڈالیں۔ مریض چیخے گا اور چند منٹ میں آبلہ پڑ جائے گا اور بفضلہ آرام ہو گا۔

5)۔ میٹھا تیلیہ، توتیا، ہیرا گوگل، افیون پختہ ہموزن لے کر ترتیب وار ملاتے اور کھرل کرتے جائیں۔ خود بخود بلا آمیزش پانی کے تر ہو جائے گی۔ اس کی لمبی لمبی بتیاں بنا کر رکھ لیں۔ بوقت ضرورت پتھر پر گھس کر کاغذ پر لیپ کر کے کنپٹی پر لگائیں۔ دس پندرہ منٹ میں درد بند ہو جائے گا۔

سُبات

﴿زیادہ نیند آنا﴾

1)۔ مرچ سیاہ گھوڑے کے لعاب دھن میں گھس کر آنکھ میں لگائیں۔ نیند کا غلبہ جاتا رہے گا۔

2)۔ سرکہ سونگھنے سے بھی نیند کی زیادتی نہیں ہوتی۔

خواب میں ڈرنا

1)۔ جو شخص خواب میں ڈرتا ہو اس کے گلے میں سنگ بلور باندھیں خواب میں نہ ڈرے گا (یہ عارضہ اکثر بچوں کو ہوتا ہے۔)

2)۔ پارہ اور سونے کو بچہ کے گلے میں باندھ دیں۔ خواب میں ڈرنے سے محفوظ رہے گا۔

3)۔ ریوند چینی کو پانی میں پیس کر دونوں کندھوں کے درمیان لیپ کرنا خواب میں ڈرنے کے واسطے مفید ہے۔

4)۔ جو بچہ ڈرتا ہو اس کے سرہانے کپڑے میں پھٹکری باندھ کر رکھ دیں۔ بچہ رات کو نہ ڈرے گا۔ بچہ کی چارپائی کے نیچے توا اوندھا کر کے رکھ دیں۔ رات کو بچہ نہ ڈرے گا۔

رعشہ (کپکپی)

1)۔ چمگاڈر کو تانبے یا لوہے کی ہانڈی میں روغن چنبیلی کے ہمراہ پکائیں جب گل جائے صاف کر کے روغن کی مالش کریں۔ رعشہ (کپکپی) اور خدر (سُن ہوتا) اور نیز فالج و لقوہ میں بھی مفید ہے۔

2)۔ روغن قسط کی مالش اور نیز قسط شیریں کا کھانا بھی رعشہ میں مفید ہے۔

3)۔ خشک نمک کی مالش رعشہ میں مُفید ہے۔

اختلاج (پھڑکنا)

1)۔ جو عضو زیادہ پھڑ کے اُس کو نمک اور بھوسی کی پوٹلی بنا کر سینکیں۔

2)۔ سونٹھ کو پانی میں گھس کر طلا کرنے سے بھی اختلاج زائل ہو جاتا ہے۔

نزلہ و زکام

1)۔ تخم خشخاش سفید کھائیں۔ نزلہ گرم و کھانسی کے لئے مفید ہے۔

2)۔ ناک کے سامنے قسط کی دھونی دینا زکام کے واسطے مفید ہے۔

3)۔ چنے بھون کر گرم گرم سونگھنے سے زکام میں فائدہ ہوتا ہے۔

4)۔ ملٹھی 5 ماشہ، گل بنفشہ 7 ماشہ لے کر پانی میں جوش دیں اور صبح و شام پیئیں۔ شربت بنفشہ یا مصری دو تولہ میں ملالیں تو اچھا ہے۔

5) گرم توے پر جبکہ روٹی پکالی جائے بقدر ضرورت پانی اور قدرے نمک ڈال دیں اور گرم گرم پیئیں زکام و کھانسی میں

بہت جلد فائدہ دیتا ہے۔

6)۔سوتے وقت تین چار تولہ بتاشہ چبا کر سورہیں زکام میں فائدہ بخشتے ہیں۔

7)۔خشخاش سفید 5 تولہ کو سیر بھر پانی میں پکائیں۔یہاں تک کہ نصف پانی باقی رہے بعد ازاں سیر بھر شکر ڈال کر شربت کا قوام بنائیں اور دن میں تین چار مرتبہ چاٹیں۔زکام ونزلہ گرم میں مفید ہے۔

کان میں پانی پڑنا

☆جب کہ کان میں پانی پڑ جائے ایک بانس یا گیہوں وغیرہ کا تنکہ کان میں رکھ کر اُس کے دوسرے حصے کو آگ لگادیں۔تمام پانی خارج ہوجائے گا۔

ناک کے امراض

نکسیر:

1)۔ملتانی مٹی پانی میں پیس کر تالو، پیشانی، کنپٹی اور ناک پر لیپ کرنے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

2)۔آبِ سرد کے سر پر ڈالنے اور غرغرہ کرنے سے نکسیر بند ہوتی ہے۔

3)۔مازو پھل نہایت باریک پیس کر چھان کر ہلاس لینے سے نکسیر کو آرام آجاتا ہے۔

4)۔آملہ خشک کو پانی میں پیس کر ٹکیہ بنا کر مقام تالو کے بال اُتار کر رکھیں چند مرتبہ استعمال کیا گیا سخت سے سخت نکسیر بند ہو گئی جو دیگر ادویات سے بند نہ ہوئی تھی۔

5)۔اُردکا آٹا پانی میں گوندھ کر تالو پر لیپ لگانا بھی نکسیر

کے لیے اچھا ہے۔

6)۔ بیری کے پتے پانی میں پیس کر تالو، پیشانی، ناک اور کنپٹیوں پر لگائیں۔

7)۔ پوست بیضہ کو جلا کر راکھ بنائیں اور باریک پیس کر نتھنوں میں پھونکنے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

8)۔ گدھے کی لید نچوڑیں اُس سے جو پانی نکلے اُس کو ناک میں ٹپکائیں نکسیر بند ہو جائے گی۔

9)۔ درخت گولر کی چھال اُتار کر باریک پیس کر تالو اور پیشانی پر لگائیں۔

10)۔ اُونٹ کے بال جلا کر گھی میں ملا کر سونگھنے سے بھی نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

11)۔ ڈھاک کے پھول 2 تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش

دیں جب آدھ پاؤ رہ جائے قدرے شہد ملا کر پلائیں بند ہو جائے گی۔

12)۔ پوست ہلیلہ پانی میں گھس کر ناک میں کھینچنے سے فوراً آرام ہوتا ہے۔

13)۔ دانہ الائچی خورد باریک پیس کر چھان کر مکھن گاؤ میں ملا کر نسوار لیں۔ تین چار بار کرنے سے نکسیر بند ہو جائے گی۔

14)۔ چندن سرخ 7 ماشہ، کافور 2 رتی پانی میں گھوٹ کر چھان کر اور مصری ملا کر پیا کریں۔ نکسیر کو بالکل آرام ہو جائے گا۔

15)۔ پھٹکری اور کاغذ جلا کر باریک پیس کر ناک میں پھونکنے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

16)۔ کولی چندن اور پوست انار پیس کر ناک میں کھینچنا بہت مفید ہے۔

17)۔ ہر دھنیئے کا پانی نکال کر اس میں قدرے کافور ملائیں اور ناک میں ٹپکائیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

18)۔ کندر افیون ایک ایک ماشہ لے کر پانی میں باریک پیس کر ناک میں چڑھائیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

19)۔ دوب سبز کا پانی نکال کر چھان لیں اور ناک میں ٹپکائیں تو نکسیر بند ہو جائے گی۔

چھینکوں کی زیادتی

1)۔ مکھن کی نسوار لیں۔

2)۔ چندن اور سبز دھنیاں سونگھنا چھینک کی زیادتی میں فائدہ کرتا ہے۔

3)۔ خولنجاں بقدر ضرورت لیکر باریک پیسیں اور کپڑے میں پوٹلی باندھ کر سونگھیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہو گا۔

ناک کی بدبُو

1)۔کڑوے توبنے کا رس ایک ایک بوند ناک میں ٹپکا دیں اگر تازہ تونبہ نہ ملے تو سوکھے کو پانی میں بھگو کر اس میں رکھ دیں صبح کے وقت اُس میں سے ایک بوند ناک میں ٹپکائیں۔ ناک کی بدبوُ دور ہوجائے گی۔

2)۔اُونٹ کا پیشاب ناک میں ٹپکانے سے بھی ناک کی بدبو دور ہوجاتی ہے۔

3)۔گدھے کا پیشاب ناک میں ٹپکانے سے بھی ناک بدبو دور ہوجاتی ہے۔

4)۔سیاہ دانہ کو باریک پیس کر گدھے کے پیشاب میں حل کرکے ناک میں ٹپکانے سے بدبو دور ہوجاتی ہے۔

منہ کے امراض

قلاع (منہ آنا)

1)۔ دانہ انار تُرش کو نچوڑ کر پانی نکالیں اور شہد ملا کر غرغرہ کریں۔ جوش دھن کو فائدہ کرتا ہے۔

2)۔ گل ارمنی کو باریک پیس کر قلاع پر لگانا فائدہ مند ہے

3)۔ آملہ کو پانی میں بھگو کر اُس سے غرغرہ کرنا قلاع کو فائدہ دیتا ہے۔

4)۔ مہندی کے واسطے مفید ہے

5)۔ آدمی کے بال جلا کر شہد میں ملا کر لگانا نہایت مفید ہے۔

6)۔ گاؤزبان جلا کر باریک پیس کر منہ میں بُرکیں۔ اسی طرح سیکھڑی کو باریک پیس کر کرور بنائیں۔

رال بہنا

1)۔رال بہنے کا مرض اکثر پیٹ کی رطوبت سے ہوتا ہے

۔اسکا علاج استفراغ ہے بعد میں ہلیلہ نمک کے ہمراہ کھائیں

۔جوارش مصطگی بھی رال بہنے کے اوسطے مقید ہے۔

2)۔آملہ کو دُودھ میں جوش دے کر رکھ لیں اور پھر اس کو

کھلائیں۔رال بہنے کے واسطے فائدہ مند ہے۔

3)۔زیرہ کو نمک کے ساتھ چبائیں اور لعاب کو نگلتے رہیں

۔اس سے بھی رال بہنا بند ہو جاتا ہے۔

4)۔ ہلیلہ سیاہ 2 تولہ نمک سیاہ 6 ماشہ دونوں کو باریک

پیس کر رکھیں اور ایک ایک چٹکی کھایا کریں۔

5)۔رائی اور بورہ (شکر سفید مصفی) کا سفوف بنا کر بقدر

تین تین ماشہ کھانا بھی رال بہنے کے واسطے مفید ہے۔

Scanned by CamScanner

شقاق زبان یعنی زبان کا پھٹنا

1) مغز کدو کو پانی میں رگڑ کر زبان پر ملیں

بَد بُوئے دھان

1)۔ خولنجان کو منہ میں رکھ کر چبائیں منہ کی بد بو دور کر کے اسکو خوشبودار بناتا ہے۔

2)۔ ناگر موتھ کے چبانے سے بھی منہ خوشبودار ہو جاتا ہے۔

3)۔ کبابہ چبانا بھی منہ کو خوشبودار بناتا ہے۔

4)۔ پوست ترنج کے چبانے سے لہسن کی بو زائل ہوتی ہے

نوٹ: بد بوئے دہان اکثر معدہ کی خرابی سے ہوتی ہے۔ اس واسطے معدہ کا علاج کریں اور اس سے رطوبت فاسدہ کا استفراغ کریں۔ منہ داتن وغیرہ کر کے روزانہ صاف کرتے ہیں۔ فائدہ ہوگا۔

دانتوں کا درد، دانتوں کا ہلنا دانتوں سے خون بہنا وغیرہ

1)۔ ہینگ کو گرم کر کے یعنی بریاں کر کے دانت کے سوراخ میں لگانے سے درد دانت کو آرام ہو جاتا ہے۔ جس کا باعث سردی ہو۔

2)۔ ہلدی کو باریک پیس چھان کر درد والے دانت کے نیچے رکھیں اور اسی کا منجن بنائیں۔ دانتوں کا درد دُور کرنے میں مفید ہے۔

3)۔ چھلکا بادام جلا کر ایک حصہ پھٹکڑی بریاں نصف حصہ پیس کر منجن بنا کر دانتوں پر ملنا چاہیے۔

4)۔ سعد کوفی و مصطگی ہموزن لے کر منجن بنائیں اور دانتوں پر ملیں۔

Homeo Medicine Plant Expo

دانت جلد اُگیں

1) گل روغن ہموزن آب برگ مکو سبز میں ملا کر مسوڑھوں پر ملیں۔

2) ۔مرغ کے پَر سے آہستہ آہستہ مسوڑھوں کا سہلانا دانتوں کے جلد اُگنے پر معاون ہے۔


3) ۔دانتوں پر شہد ملنے سے بھی دانت جلد اُگتے ہیں۔

ہونٹ پھٹنا

1) ۔مکھن ایک تولہ میں قدرے نمک ملا کر ہونٹوں پر لگائیں اور ناف پر ملیں۔ہونٹوں کے پھٹنے کو فائدہ کرتا ہے۔

2) ۔مغز تخم کدوے شیریں اور مغز تخم تربوز دونوں کو پیس کر ہونٹوں پر لگائیں۔فائدہ بخش ہے۔

3) کتیرا اور اسبغول کا لعاب لگانے سے پھٹے ہونٹوں کو فائدہ ہوتا ہے۔



4)۔قہوہ چار ماشہ کی کھلی باریک پیس کر پھانک کر ایک دو گھونٹ تازہ پانی کے پی لیں۔خناق کو فوراً آرام ہوگا۔

5)۔نوشادر کا لیپ بھی ورم خناق کے واسطے مفید ہے۔

6)۔مُرغ کی بیٹ سرکہ میں ملا کر لگانے سے ورم گلو تحلیل ہوتا ہے۔اگر پختہ ہوتو پھوٹ جاتا ہے۔

7)۔انجیر خشک کو پانی میں جوش دیکر اُس سے غرغرہ کرنا مفید ہے۔خصوصاً خناق سرو کو۔

9)۔پرانے سرکہ میں مکوئے خشک جوش دیکر غرغرہ کرنا خناق گرم کو تحلیل کرتا ہے۔

10)۔مولی کو سکنجبین کے ہمراہ پکائیں اور غرغرے کریں۔خناق بلغمی کے واسطے نہایت مفید ہے۔

11)۔برگ مکو پیس کر لیپ کرنا بھی محلل ہے۔

گلا پڑنا یا آواز بیٹھ جانا

1)۔سوتے وقت پانی میں قدرے سفوف ملٹھی ڈال کر دانتوں کے نیچے دبا کر سو رہیں۔صبح کے وقت گلا کھلا ہوا پاؤ گے۔کئی مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

2)۔ادرک کے اندر سوراخ کر کے تھوڑی ہینگ اور نمک اس کے اندر بھر دیں اور پھر اس پر کپڑا لپیٹ کو تھوڑا گوندھا ہوا آٹا لگا کر بھوبھل میں رکھیں۔

3)۔چاول گڑ میں پکا کر سوتے وقت کھائیں۔پھر ایک گھنٹہ کے بعد دو چمچہ نیم گرم پانی میں پئیں تو تین دن میں آواز کھل جائے گی۔

4)۔گل چراغ پان میں رکھ کر کھائیں۔اس سے سیندور کھانے سے پڑا ہوا گلا بھی کھل جاتا ہے۔

5) گنا بھوبھل میں رکھیں ۔ بعد میں چھیل کر چوسیں گلا کھل جائے گا۔

6)۔لہسن بریاں کر کے کھانے سے بھی حلق صاف ہوتا اور آواز کھلتی ہے۔

7)۔اگر گرمی خشکی کی وجہ سے آواز پڑ گئی ہو تو مصری کو مکھن میں ملا کر چاٹیں یا مصری اور مغز بادام ملا کر چبائیں آواز کھل جائے گی۔

8)۔(خولنجان) کلنجن یعنی پان کی جڑ کو ذرا سا ہر وقت منہ میں رکھنا چاہیے۔

9)۔مُرکی جس کو ہندی بول کہتے ہیں زبان کے نیچے رکھیں اُس سے جو رطوبت نکلے نگلتے جائیں۔بلغم سے پڑی ہوئی آواز کھل جاتی ہے۔

حلق میں جونک چمٹنا

1)۔نمک یا نوشادر کو سرکہ میں ملا کر غرغرہ کرنے سے جونک حلق سے گر پڑتی ہے۔

2)۔گندھک کا دُھواں حلق میں پہنچائیں جونک حلق سے علیحدہ ہو جائے گی۔جب جونک معدہ میں گر پڑے تو بذریعہ قے یا بذریعہ اسہال نکالیں۔

3)۔مٹی سیاہ (کیچڑ) کو پوٹلی میں باندھ کر مریض کے منہ میں رکھیں مٹی کی بو سے جونک باہر نکل آئے گی۔

4)۔رائی 2 تولہ باریک پیس کر 16 تولہ سرکہ میں ملا کر غرغرہ کرنے سے جونک چمٹی ہوئی علیحدہ ہو جاتی ہے۔

5)۔ہینگ کو سرکہ میں ملا کر غرغرہ کرنے سے جونک حلق سے چھوٹ جاتی ہے۔

سینہ اور پھیپھڑہ کے امراض

ضیق النفس (دمہ)

1)۔ سیب 2 تولہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک کوزہ میں بند کر کے کوزہ گھیکوار سے بند کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ میں پھونک لیں۔ سرد ہونے پر نکال کر ادرک کے رس میں کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کے وقت کھا دیں۔

2)۔ برگ آکھ ایک عدد۔ مرچ سیاہ 25 عدد دنوں کو باریک پیس کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ چار گولی روزانہ کھائیں۔

3)۔ مغز ریٹھہ تخم 1 ماشہ شہد سے کھانا ضیق النفس کے واسطے مفید ہے۔

4)۔ آکھ کی کونپل پان میں رکھ کر موسم سرما میں تین روز تک ایک کونپل روزانہ کھائیں چوتھے دن ڈیڑھ اور پانچویں دن دو۔ اسی طرح چالیس روز تک ، نصف کونپل بڑھا کر کھائیں دمہ جڑ سے جاتا رہے گا۔ اگر اُن کے کھانے سے قے ہو تو خوف نہ کریں۔

5)۔ تمباکو کا گل جو حقہ پینے کے بعد چلم میں رہتا ہے آگ میں جلا کر سفید کر لیں اور بقدر 2 رتی پان میں رکھ کر کھایا کریں۔ تُرش اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

6)۔ چار تولہ گیہوں آکھ کے دودھ میں تین دن بھگو کر مٹی کے برتن میں رکھ کر منہ بند کر کے اوپلوں کی آگ میں پھونک لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیس کر 8 تولہ گڑ ملا کر کھائیں۔

7)۔ ایک عدد جمالگوٹہ کو چھیل کر کھائیں دمہ میں مفید ہے۔

کھانسی

1) ۔ ثمر کٹائی خورو جس کو کنڈیاری بھی کہتے ہیں ۔ بقدر 20 تولہ لے کر کوٹ لیں اور اُس کے نصف حصہ کو کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر 5 تولہ نمک سیاہ باریک شدہ رکھ کر اُوپر سے باقی ماندہ نغدہ رکھ کر منہ بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر 6 سیر نچتوں اوپلوں کی آگ میں رکھ کر پھونک لیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیسیں اور رکھیں ۔ رات کے وقت بوقت خواب بقدر 4 رتی منہ میں رکھ کر سو جائیں تو دوا خود بخود حلق سے نیچے اُتر جائے گی ۔ خدا چاہے کیسی ہی پُرانی کھانسی ہو ۔ اس دوا سے چند دنوں میں آرام ہوگا ۔

2) ۔ مغز بنولہ کو باریک پیس کر سفوف بنائیں اور بقدر 3 ماشہ کھائیں کھانسی کو فائدہ ہوتا ہے ۔

3)۔ خشک کھانسی کے واسطے مکھن مصری دونو ملا کر چاٹا کریں نہایت مفید ہے۔

4)۔ خوشہ مکئی جو دانے نکالنے کے بعد باقی رہے۔ آگ میں جلا کر راکھ بنا لیں اور قدرے نمک سیاہ ملا کر رکھیں بقدر ایک ایک چٹکی صبح و شام برگ بانسہ زرد شدہ میں رکھ کر کھائیں

5)۔ عام کھانسی کے لئے شیر خشت منہ میں رکھ کر رات بھر چوستے رہنا چاہیئے یا بڑی ہڑ۔ سیاہ مرچ۔ سیندھا نمک ہم وزن لے کر پیس کر رکھ لیں اور کھانسی کے وقت تھوڑا تھوڑا منہ میں رکھیں۔ انشاءاللہ آرام آجائے گا۔

6)۔ خشک کھانسی کے لئے یہ چٹنی بھی مفید ہے۔ ایک تولہ السی لے کر پانی میں تر کریں۔ اس کے بعد لعاب لے کر اس میں ایک یا دو تولہ شہد ملا کر صبح و شام چاٹا کریں۔

سِل

1)۔5 ماشہ ملتانی مٹی پانی میں گھول کر پیا کریں۔ تو خون کا جانا بند ہو جائے گا۔

2)۔گدھی کا دُودھ مرضِ سِل کے واسطے نہایت مفید ہے۔ اسی طرح عورت کا دودھ فائدہ مند ہے

3)۔گلقند ایک سال کا بنا ہوا ایک دو تولہ روزانہ کھائیں۔

4)۔شاخ مرجان گھیلوار میں ملا کر گج پٹ آنچ میں کشتہ کریں۔2 رتی صبح وشام کھائیں یا شربت انجبار سے دیں۔

5) ریش برگد۔ دوب گھاس سفید ہر ایک 6 ماشہ لے کر آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر چھان لیں اور ایک ماشہ کتھ سفید چھڑک کر روزانہ نہار منہ پی لیا کریں۔

7)۔بانسہ کے پھول کا گلقند بنا کر کھانا اکسیر ہے۔

خون تھوکنا

1) گلقند وا ایک تولہ رات بھر پانی میں بھگو کر رکھیں۔ صبح کے وقت صاف کر کے پئیں۔

2)۔ کچنال کی کونپل پیس کر اُس کا عرق نکالیں اور مصری ملا کر پئیں۔

3)۔ آم کے پتے جلا کر شہد خالص میں ملا کر چاٹا کریں۔

4)۔ افیون کھانے سے بھی خون تھوکنا بند ہو جاتا ہے۔

5) بانسہ کے پتوں کا پانی 2 تولہ شہد خالص ایک تولہ ملا کر پئیں۔

6)۔ شادنج ایک ماشہ باریک پیس کر آبِ انار کے ساتھ کھائیں۔

7)۔ سنگ جراحت 1 ماشہ باریک شدہ گدھی کے دودھ کے ساتھ پئیں۔

ذات الریہ (نمونیا)

1) بارہ سنگا کا سینگ 1 تولہ لے کر اس پر شورہ قلمی اور اجوائن 1-1 تولہ عرق اجوائن میں پیس کر لیپ کر دیں اور دو سیر کوئلوں کی آگ میں رکھیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر باریک پیس کر رکھیں۔ بقدر 4 رتی ہمراہ عرق اجوائن 3 تولہ کھالیں نمونیا کے واسطے اکسیر ہے۔

2)۔ سہاگہ بریاں 1 تولہ نیلہ تھوتھا بریاں 1 ماشہ دونوں کو پانی میں ملا کر بقدر مونگ گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی بوقت شام دیں۔

3) مغز کرنجوہ 1 عدد۔ نیلہ تھوتھا 1 رتی دونوں کو باریک پیس کر سرسوں کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی شیر مادر میں گھول کر بچہ کو پلائیں۔ ڈبہ کو مفید ہے۔

ذات الجنب (درد پہلو)

1) سونٹھ 3 ماشہ بیج ارنڈ 7 ماشہ پانی میں جوش دے کر پلائیں۔

2)۔ آکھ کی جڑ لڑکے کے پیشاب میں گھِس کر لیپ کریں۔ اور دھوپ میں بیٹھ کر اوپلہ کی آگ سے سینکیں۔

3)۔ بارہ سنگا کا سینگ گھِس کر اُس میں کالی مرچ باریک پیس کر نیم گرم لیپ کریں۔

4)۔ دیودار اڑھائی ماشہ پیس کر 5 ماشہ گڑ میں ملا کر کھائیں چھاتی کے درد میں مفید ہے۔

5)۔ میتھی ایک تولہ جوش دے کر شہد میں ملا کر پئیں۔ چھاتی کے درد کو فائدہ ہوتا ہے۔

امراضِ قلب

خفقان (دل کا دھڑکنا)

1) ابریشم 5 ماشہ پانی میں پکا کر مل چھان کر مصری ملا ک
پلائیں۔ خفقان کو چند روز کے استعمال سے فائدہ ہو جائیگا۔

2)۔ برادہ صندل 1 تولہ کو پانی میں جوش دیکر مل چھان ک
مصری ملا کر پلائیں خفقان کو فائدہ کرتا ہے۔

3)۔ مربائے آملہ یا مربائے صندل 1 تولہ یا مربا
سیب 1 تولہ روزانہ صبح کے وقت کھائیں۔

4)۔ سیب سنگترہ۔ نارنگی کے کھانے سے خفقان کو فا
ہوتا ہے۔

5)۔ گل 1 تولہ کو پانی میں جوش دے کر صاف کر کے مصر

ملا کر پئیں۔

6)۔ سیوتی کے پھول 1 تولہ کو پانی میں جوش دے کر صاف کر کے مصری ملا کر پلائیں۔

7)۔ کپاس کے پھول 1 تولہ کو پانی میں جوش دے کر صاف کر کے مصری ملا کر پئیں۔

8)۔ پان کا کھانا سردی کے خفقان کو فائدہ بخشتا ہے۔

9)۔ املی پانی میں بھگو کر اس کا پانی لے کر شکر سفید ملا کر پئیں۔ گرم خفقان کو مفید ہے۔ نیز دست لاتا ہے۔

10)۔ چقندر کو بھوبھل میں دبا کر تھوڑی دیر کے بعد نکال کر اور چھلکا دور کر کے گرم گرم کے پتر ے اتاریں اور مصری باریک پیس کر سب پتروں پر برک دیں۔ اُن سے جو میٹھا پانی نکلے اس کو پیویں۔ اسی طرح کئی مرتبہ کریں۔

Scanned by CamScanner

11)۔ دھنیا 5 تولہ کوٹ کر چھان لیں اور مصری 5 تولہ ملا کر رکھیں۔ 7 ماشہ روزانہ کھائیں۔

12)۔ آملہ خشک کو باریک پیس کر مصری ہم وزن ملا کر 8 ماشہ روزانہ کھائیں۔

غشی (مورچھا)

1)۔ جبکہ مریض غشی میں ہو اُس کو ہوش میں لانے کے واسطے اُس کو دونوں بازؤں اور دونوں رانوں پر پٹیاں مضبوط کس کر باندھ دیں اور کافور سنگھائیں ہوش میں آجائے گا۔

2)۔ عطر خس یا عطر حنا سونگھنا بھی غشی والے کو ہوش میں لاتا ہے

3)۔ خس کو نیمکوب کر کے پوٹلی میں باندھیں اور گلاب میں بھگو بھگو کر سونگھائیں۔

4)۔ عرق کیوڑہ کو برف سے ٹھنڈا کر کے مریض کے چہرہ پر چھڑکیں

امراضِ پستان

ورم پستان

1) پیاز کو کپر وٹی کر کے بھوبھل میں دبا دیں۔ پختہ ہونے پر نکال کر پستان پر باندھیں۔ چند مرتبہ کے باندھنے سے ورم تحلیل ہو جائے گا۔

2)۔ بیگن کو کپر وٹی کر کے بھوبھل میں دبا دیں۔ پختہ ہو جانے پر نکال کر پیس کر گرم گرم پستان پر باندھیں۔

3)۔ برگ بسکھپرہ یا برگ ھلھل ملا کر یا علیحدہ علیحدہ عرق پیاز میں باریک پیس کر لیپ کرنے سے ورم تحلیل ہو جاتا ہے

4)۔ پھچھی بوتی کو پیس کر لیپ کرنا بھی مفید ہے۔



پستان کا ڈھیلا ہونا

1)۔ پوست انار (تاسپال) پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ متواتر پندرہ روز تک کرتے رہنے سے پستان سخت ہوجاتے ہیں۔

پستانوں کا چھوٹا رہ جانا

1)۔ بھیڑ کے دودھ نیم گرم کی مالش کیا کریں۔ یا مغز نبولہ کو باریک پیس کر بھیڑ کے دودھ میں پکا کر پستانوں پر باندھا کریں۔

2)۔ موم وروغن زیتون ملا کر پستانوں پر ملا کریں۔

3)۔ ملائی شیر گاؤ کے ملنے سے بھی پستان بڑھتے ہیں۔

4)۔ اُڑد کی دال دودھ میں پکا کر باندھنا بھی مفید ہے

5)۔ دودھ میں تلوں کی کھیر پکا کر باندھنا بھی پستانوں کو بڑھاتا ہے۔

دودھ کی کمی

1)۔ زیرہ سفید اور مصری ہم وزن ملا کر کوٹ چھان کر سفوف بنا رکھیں 1 تولہ سفوف روزانہ صبح کے وقت دودھ کے ساتھ کھائیں۔

2)۔ مغز بنولہ باریک پیس کر بقدر 6 ماشہ دودھ کے ہمراہ کھانا دودھ کو بڑھاتا ہے۔

3)۔ ستاور یا تودری سفید یا بداری کند وغیرہ منی کو بڑھانے والی ادویات کا سفوف بنا کر کھائیں۔ دودھ میں نہایت اضافہ ہوتا۔

4)۔ برگ ارنڈ پانی میں اُبال کر اس پانی سے پستان دھوئیں اور وہی ذرا گرم گرم باندھیں۔

5)۔ پستانوں پر روغن زیتون کی مالش کرنے سے دودھ زیادہ ہو جاتا ہے۔

امراض معدہ (درد معدہ)

1)۔اجوائن 2 تولہ۔نمک سیاہ 3 ماشہ باریک پیس کر رکھیں۔ 6 ماشہ ہمراہ آبِ گرم کھائیں۔معدہ کا درد ساکن ہوجائے گا۔

2)۔ہینگ بقدر 2 رتی کھانے سے بھی معدہ کا درد ساکن ہوتا ہے۔

3)۔ست پودینہ بقدر ایک رتی کھائیں۔معدہ کے درد کے واسطے مفید ہے۔

4)۔سونٹھ 2 تولہ کو پاؤ سیر آبِ لیموں میں کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بنادیں خوراک ایک گولی۔ان سے درد معدہ ساکن ہوجاتا ہے اور بھوک اچھی طرح لگتی ہے۔

5)۔سرس کی پتیاں 1 تولہ۔مرچ سیاہ 12 عدد دونوں کو گھوٹ کر پلائیں۔دردِ معدہ کو فائدہ ہوگا۔

ورم معدہ

1)۔مکوے سبز مرذق 5 تولہ صبح کے وقت پئیں اور پھوک پیس کر پیٹ پر نیم گرم لیپ کریں۔ چند روز میں ورم تحلیل ہو جائے گا۔

ہیضہ

1)۔مرچ سیاہ اور آکھ کی جڑ ہم وزن لے کر ادرک کے رس میں گھوٹ کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک ایک گولی ہمراہ عرق گاؤں زبان 3-3 گھنٹے کے بعد دیں۔ پیپل کا پوست جلا کر کوئلہ بنا کر پانی میں بجھائیں اور یہ پانی پیاس کے وقت بار بار مریض کو پلائیں۔

2)۔مرچ سرخ کا بیج ایک عدد لیکر قدرے موم میں لپیٹ

کر کھائیں۔ ہیضہ کو فائدہ مند ہے۔

3)۔ مرچ سرخ کے اڑھائی بیج باریک پیس کر پھانک لیں اوپر سے "حقہ" کا سڑا ہوا پانی 7 تولہ پئیں ہیضہ کے مریض کو صحت یابی ہوتی ہے۔

4)۔ پیاز 1 عدد مرچ سیاہ 7 عدد دونوں کو پانی میں اسقدر گھوٹیں کہ نہایت باریک ہوجائیں اور بغیر چھانیں مریض کو پلائیں۔ پیتے ہی پیاس سے بے قراری وغیرہ دور ہوجائے گی ۔ دست و قے بند ہو کر مریض صحیح و سالم ہو جائے گا۔ مرض ہیضہ میں یہ کوڑیوں کی دوا اشرفیوں کا کام کرتی ہے۔

5) جائفل باریک پیس کر شہد میں ملا کر چاٹنا ہیضہ میں مفید ہے۔

6)۔ لیموں خشک کو دانتوں کے نیچے رکھیں فائدہ مند ہے

ہچکی

1) ناسیاں (پوست انار) کو اُبال کر اُس میں تھوڑا سا پُرانا گُڑ ملا کر پینے سے فوراً ہی ہچکی بند ہو جاتی ہے۔

2) ۔کلونجی باریک پیس کر بقدر ایک ایک ماشہ ایک ایک گھنٹہ کے بعد دینے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔

3) ۔الائچی کے چھلکے جلا کر ناک میں بخور لینے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔

4) ۔سرکہ ایک تولہ۔ شکر سفید 2 ماشہ دونوں کو آبِ سرد 3 تولہ میں ملا کر پلائیں ہچکی بند ہو گی۔

5) ۔ ملٹھی مقشر 9 ماشہ باریک پیس کر اس میں مصری 6 ماشہ باریک شدہ ملا کر تین پڑیہ بنائیں۔ایک پُڑیہ صبح ۔ایک پُڑیہ دوپہر اور ایک شام کو ہمراہ آبِ سرد دیں۔

Scanned by CamScanner

خُون کی قے

1)۔انگور کے پتوں کا پانی نچوڑ کر پلائیں۔خونی قے کے واسطے مفید ہے۔

2)۔انجبار کو باریک پیس کر شربت انار میں ملا کر چٹائیں۔

3)۔ریش برگد کو پانی میں پیس کر چھان کر پلائیں خونی قے کو فائدہ ہوگا۔

4)۔بانسہ کے پتوں کا پانی نکال کر گھونٹ گھونٹ پلائیں۔

5)۔بنسلوچن باریک پیس کر بقدر ایک ماشہ کھلائیں۔

6)۔گل ارمنی کو باریک پیس کر رکھیں۔ایک ماشہ کھلائیں۔

7)۔برگ خرفہ کا پانی نکال کر پلانا بھی خونی قے کے واسطے مفید ہے۔



معدہ میں دودھ اور خون جم جانا

1)۔انجیر کو لکڑی کی راکھ تازے پانی میں ملادیں۔جب گاد نیچے بیٹھ جائے تب اُس پانی کو نتھار لیں۔پھر اُس پانی میں راکھ ملادیں۔اسی طرح 7 مرتبہ کر کے اُس کا صاف پانی چلادیں اور جو قے کر ڈالیں تو نہایت ہی مفید ہے۔

2)۔پودینہ کے پانی میں بورہ (چینی) ملا کر پئیں۔تو معدہ میں جما ہوا خون تحلیل ہو جائے گا۔

3)۔رائی پانی میں پیس کر پئیں یہ ورم کی حالت میں خون جم جانے کو مفید ہے۔

4)۔چنے بھون کر کھاری نمک ملا کر کھانا بھی مفید ہے۔

متلی ۔ ابکائی ۔ قے

1)۔ نیم کی شاخ پتوں سمیت بھوبھل میں دبائیں ۔ جب گرم ہوجائے پیس چھان کر پئیں تو قے اور متلی دور ہوگی ۔

2)۔ املی منہ میں رکھیں تو متلی اور قے بند ہوجائے گی ۔

3)۔ پیپل کی بکلی کے کوئلہ کر کے پانی میں بجھائیں ۔ یہ پانی پلائیں اس سے قے اور متلی بند ہوگی ۔

4)۔ الائچی خورد کا سفوف مصری کے ہمراہ بنا کر بقدر دو ماشہ کھائیں ۔ آفاقہ ہوگا ۔

5)۔ انار کھانے سے بھی قے متلی اور ابکائیاں بند ہوتی ہیں ۔ بڑھ کی ڈاڑھی جلا کر اس کی تھوڑی راکھ کھائیں تو قے کو آرام ہوگا ۔

6)۔ ناگر موتھ کھانا بھی بلغمی قے کے لئے فائدہ مند ہے ۔

امراض جگر

ورم جگر

1)۔شیرہ تخم خربزہ پلائیں ورم جگر گرم کو مفید ہوتا ہے۔

2)۔اگر ہر روز 7 ماشہ رائی باریک پیس کر دو تولہ بیل کے پیشاب میں ملائیں اور پیئیں چند روز تک عدادمت کرنے سے سرد ورم جگر کو فائدہ ہوگا۔

3)۔ برگ مکوے سبز کا پانی نکال کر پھاڑ لیں۔اور صاف پانی لیکر اُس میں شربت بزوری ملا کر پلائیں۔ ہر قسم کے ورم جگر کے واسطے مفید ہے۔

4)۔مکوے خشک کو پانی میں پیس کر چھان کر پلانا بھی ہر قسم کے ورم جگر کو فائدہ کرتا ہے۔

امراضِ طحال

یرقان (کنول باء)

1) ۔اکسیر یرقان ۔ پھٹکڑی بلوری کو نیمکوفتہ کرکے بریاں کریں اور پہلے دن ایک چٹکی ایک پیالہ دہی گائے میں ملا کر پلادیں ۔ دوسرے دن دو چٹکی ۔ علیٰ ہذا القیاس ساتویں روز سات چٹکی بدستور ایک پیالہ دہی میں ملا کردیں ۔ غذا پلاؤ خشک گائے کی دہی کے ساتھ خدا چاہے ایک ہی ہفتہ میں صحت ہوگی ۔

2) ۔گلوئے سبز نیم والی 3 تولہ لے کر ایک پاؤ پانی میں جوش دیں جب نصف رہے تو شہد خالص 7 ماشہ ملا کر پلادیں ۔ ہفتہ عشرہ میں آرام ہوگا ۔

3) ۔کڑوی تونبی کے پھل کا رس یا خشک کو جوش دے کر پانی لیکر

نسوار لینے سے تین روز میں آنکھوں کی زردی دور ہوتی ہے۔

4)۔کاسنی سبز کا پھٹا ہوا پانی شربت بزوری ملا کر پینے سے یرقان کو بہت جلد آرام ہوتا ہے۔

5) ۔ یرقان سیاہ کے واسطے یہ دوا نہایت مفید ہے ۔ ریوند چینی عمدہ لے کر اوپلوں کی آگ میں جلالیں اور اسی طرح ہلدی کی گرہ کو بریاں کر کے مساوی الوزن لے کر سفوف بنا رکھیں۔ 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک عرق کاسنی کے ہمراہ کھلائیں، مونگہ کی جڑ پانی میں گھس کر آنکھوں میں لگائیں۔

6)۔اس مرض میں جوان مریض کو شربت دینار تین تولہ۔ عرق بادیان 12 تولہ میں ملا کر صبح وشام پینا چاہیے۔

7)۔لیموں کا رس آنکھ میں ٹپکانے سے آنکھوں کی زردی جو مرض یرقان میں باقی رہ جائے زائل ہو جاتی ہے۔

دِیدانِ شکم

﴿پیٹ کے کیڑے﴾

آنتوں میں کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں جو تین قسم کے ہوتے ہیں۔

I)۔ لمبے لمبے جن کو کینچوے کہتے ہیں۔

II)۔ چوڑے جن کو حسب القرع یا کدو دانہ کہتے ہیں۔

III)۔ سرکہ کے کیڑوں کے باریک تاگا جیسے جن کو چُنچنے یا چُرنے کہتے ہیں۔

1)۔ پوست انار تُرش۔ پوست توت ہر ایک دو تولہ لے کر جوکوب کر کے پانی میں جوش دے کر چھان کر پئیں۔

2)۔ بکائن کی چھال 2 تولہ کو 2 سیر پانی میں جوش دیں جب پانی جل کر ایک پاؤ پانی رہ جائے تھوڑا گُڑ ملا کر پی کر سو رہیں۔

اسی طرح تین روز تک روزانہ کریں تین روز میں بڑے کیڑے (کینچوے) اور کدو دانے دور ہوں گے۔

3)۔ مویز منقی کے اندر اُس کے تخم کی بجائے بابڑنگ ایک عدد رکھ دیں۔ جوان کو بیس عدد اور بچہ کو پانچ عدد تک مویز منقی کھلائیں اگر مسلّم نگل جایا کریں تو نہایت عمدہ ہے۔

4)۔ ارنڈ کے پتوں کا پانی یا بھنگرہ کا پانی یا دھتورہ کے پتوں کا پانی مقعد میں لگانے سے بچوں کو مقعد کے کیڑے مرجاتے ہیں۔

5)۔ ایلوے کی گولی گھیکوار کے رس میں دانہ مونگ کے برابر بنا کر سوتے وقت ایک ماشہ۔ 3 ماشہ تک نیم گرم پانی کے ہمراہ نگل کر سورہیں۔ صبح کے وقت دو ایک دست ہو کر تمام کیڑے خارج ہو جائیں گے۔

بواسیر

1)۔سیسہ ایک تولہ کو مکھن اڑھائی تولہ میں گھس کر مرہم بنائیں۔ پھر اس کو مستوں پر لگادیں۔ پندرہ بیس روز میں مسّے بلا تکلیف خشک ہو کر جڑھ جائیں گے۔

2)۔نرکچور کوفتہ۔رسوت دونو مساوی وزن لے کر مولی کے سبز پتوں کے رس میں تین روز تر رکھیں اور پھر اسی عرق میں کھرل کریں۔ پھر گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنادیں۔ ایک گولی صبح کے وقت نہار منہ باسی پانی کے ساتھ کھائیں اور ایک گولی کوری ٹھیکری پر رگڑ کر مستوں پر لگادیں 7 روز تک استعمال کریں۔ اثنائے استعمال میں غسل وغیرہ سے پرہیز رکھیں اور سوائے دال مونگ اور نان گندم کے کچھ نہ کھائیں۔

3)۔رسوت ایک چھٹانک کو عرق پیاز ایک پاؤ تھوڑا تھوڑا

لیں۔ یہاں تک کہ تمام عرق جذب ہو جائے۔ بعدازاں
چنے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام
ہمراہ پانی کھلائیں۔ خونی بواسیر کے واسطے مفید ہے۔ اسی
طرح عرق مولی میں گولیاں بنا کر کھلائیں۔ یہ بھی بواسیر بادی
میں فائدہ مند ہیں۔

4)۔ گوبھی جنگلی 1 تولہ، مرچ سیاہ 5 عدد دونوں کو پانی میں
پیس کر پلائیں۔ خون بواسیر بند ہو جاتا ہے علاوہ ازیں خون کا
پیشاب اور خونی حیض جو کثرت سے جاری ہو بند ہو جاتا ہے

5)۔ شورہ قلمی ایک ماشہ باریک پیس کر تین پاؤ بکری کے
دودھ کے ساتھ اعلیٰ الصبح پھان لیا کریں۔ دودھ میں بقدر
شیرینی مصری بھی ڈال لیں۔ خواہ کسی قسم کی بواسیر ہو اور خواہ کیسی
پرانی اور خوفناک ہو۔ خدا چاہے آرام ہو جاتا ہے۔

6)۔ نیم کی نیمولی بقدر ضرورت لیکر معہ چھلکا کوٹ چھان کر بقدر ایک تولہ باسی پانی کے ہمراہ کھائیں۔ گھی زیادہ استعمال کریں۔ بواسیر کے واسطے مفید ہے۔

7)۔ طوطیا 1 تولہ کو لیموں اکیس عدد کی رس میں کھرل کریں اور گولیاں بمقدار موٹھ بنادیں۔ ایک گولی روغن زرد کے ہمراہ ہمراہ کھائیں۔ دوائی کھانے کے بعد دل کچا ہو تو چوری بنا کر کھائیں۔ چوری بنا کر نہ کھائیں گے تو قے ہو جائے گی۔ اس دوا کے ساتھ خارجی علاج یہ کریں کہ پھٹکڑی تین ماشہ کو پانی میں گھول کر آب دست کیا کریں۔ اکیس روز کے کھانے سے بواسیر بیخ و بن سے جاتی رہتی ہے۔

8)۔ بھنگ دو تولہ کو دودھ گاؤ سیر میں جوش دے کر مستو کو اس کا بھپارہ دیں بعد ازاں بھنگ کر اس کی ٹکیہ بنا کر مستوں پر باندھیں۔

کانچ نکلنا

1) جس بچہ یا آدمی کی کانچ نکلتی ہو وہ پیشاب برتن میں لے رکھے جب پاخانہ پھر چکے تب اس پیشاب سے مقعد کو دھوئے۔ پھر پھٹکڑی کے پانی سے دھوکر صاف کریں اور مقعد و ہاتھ وغیرہ خوب خشک کریں۔

2)۔ کانچ کو گھی سے چپڑ کر اُس پر لہسوڑہ جلا کر باریک پیس کر بُرکیں۔

3)۔ آم اور جامن کے پتے جوش دے کر اس پانی سے مقعد کر دھودیں اور جب مقعد اندر نہ جائے بار بار گرم پانی میں بیٹھیں اور اُس پر روغن گل مالش کریں۔

4)۔ کانچ پر روغن گل لگا کر مازو باریک شدہ چھڑکیں اور لنگوٹ باندھیں

5)۔روغن لگا کر مسور کا آٹا لگانا بھی مفید ہے۔

6)۔بکری کا کھر جلا ہوا۔ مازو۔انار پھول۔پھٹکڑی بریاں مساوی الوزن لے کر کوٹ چھان کر مقعد پر لگایا کریں۔

7)۔پوست انار کے جوشاندہ سے آبدست لینا بھی مفید ہے۔

بول فی الفراش

(بستر پر پیشاب کرنا)

1)۔مازو پھل 1 تولہ۔تخم ریحان 6 ماشہ دونوں کو کوٹ چھان کر بقدر 6 ماشہ کھائیں۔

2)۔خولنجاں آبِ تازہ کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔

ذیابیطس

1)۔جامن کی گٹھلی کا مغز نکال کر سفوف بنائیں۔3 ماشہ روزانہ کھائیں۔ ذیابیطس شکری کے واسطے مفید ہے اگر فی خوراک ایک چاول افیون شامل کر لیں۔تو اچھا ہے میٹھے سے پرہیز رکھیں۔

2) زیابیطس کے واسطے نہایت مفید ہے۔بنولہ 3 تولہ سیر پانی میں جوش دیں جب تیسرا حصہ رہ جائے صاف کر کے مصری 2 تولہ ملا کر پیئیں۔

3) ۔تِل دو حصہ۔ اجوائن ایک حصہ لے کر سفوف بنا دیں۔ایک ہتھیلی بھر کر پھانکیں یا گڑ میں ملا کر گولی بنا کر بمقدار 7 ماشہ کھائیں۔پیشاب کی کثرت روکنے کے واسطے مفید ہے۔

4)۔لہسوڑہ کی کونپل 1 تولہ لے کر اُس کا رس نکال کر ایک تولہ بورہ ملا کر پئیں کثرت پیشاب میں بہت ہی فائدہ بخش ہے۔

5)۔مغز ختم املی ۔ برگ سہجنہ دونوں کو پیس کر زیر ناف لیپ کریں۔

6)۔سنگھاڑے خشک کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر ایک تولہ روزانہ کھائیں۔کثرت پیشاب میں مفید ہے۔

7)۔پھلی کیکر خام سایہ میں خشک کر کے کوٹ چھان کر گھی میں بھونیں اور تھوڑی شکر سفید ملا کر صبح و شام کھایا کریں۔

7)۔جاوتری اور مصری ہم وزن لے کر سفوف کریں اور اس سفوف کو دو ماشہ کھالیا کریں۔اس سے پیشاب کا ہر وقت بلا ارادہ جاری رہنا بند ہو جاتا ہے۔

جدید سائنس کی روشنی میں زیتون کے خواص و فوائد

زیتون سے علاج

حکیم محمد طارق مدنی

جڑی بوٹیوں سے علاج

ایس یو ملک

چہار قُل سے مشکلات کا حل

پاکستان میں پائی جانے والی عام جڑی بوٹیوں سے علاج

جڑی بوٹی لقمانی

حکیم و دنیاسی لوگوں کیلئے تحفہ خاص

حکیم غلام مصطفیٰ حاصل پوری

قرآن کریم سے مشکلات کا حل

پاکستان میں پائی جانے والی عام جڑی بوٹیوں سے علاج

طب لقمانی

حکیم و دنیاسی لوگوں کیلئے تحفہ خاص

حکیم غلام مصطفیٰ حاصل پوری

نوید بک ڈپو

پتہ: جیلانی مارکیٹ پکہ قلعہ حیدر آباد

موبائل: 0301-3550338

جدید سائنس کی روشنی میں بادام کے خواص و فوائد

بادام سے علاج

حکیم محمد طارق مدنی

بک سیلز

الحبیب نیوز ایجنسی

اخبار مارکیٹ حیدر آباد موبائل: 0300-3037026

جاوید سیل مین

بھٹائی بک ہاؤس

گاڑی کھاتہ حیدر آباد

Times Graphics Hyd. Cell: 0333-2755980

Scanned by CamScanner